تکملۃ العشرۃ

في

إجراء القراءات العشر المتواترة

من طريق الشاطبية والدرة

تالیف

قسمت اللہ

مدرس جامعہ دار العلوم کراچی

تلمیذ استاذ المقرئین ڈاکٹر قاری احمد میاں تھانوی حفظہ اللہ

تکملة العشرة

فی اجراء القراء ات العشر المتواترة

من طريق الشاطبية والدرة

تالیف

قسمت اللہ عفا اللہ عنہ

مدرس جامعہ دارالعلوم کراچی

تلمیذ أستاذ المقرئین الدکتور قاری أحمد میاں تھانوی صاحب حفظہ اللہ

برائے رابطہ :
+923333925742
+923153925740

Email.....qismat2014@hotmail.com

ملنے کے پتے

مکتبہ سید احمد شہیدؒ لاھور اردو بازار لاھور

مکتبہ الھادی غزنی سٹریٹ اردو بازار لاھور

قاری یوسف ناصر استاذ جامعہ دار العلوم الاسلامیہ کامران بلاک علامہ اقبال ٹاون لاہور۔۔۔ 03349848623

قاری محمد اسحاق صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ استاذ جامعہ دار العلوم کراچی ۔۔۔03332082923

انتساب

یادگارِ اسلاف

شاطبیِ وقت الشیخ المقری الدکتور قاری احمد میاں تھانوی صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ

الشیخ المقرئ حضرت مولانا قاری نور محمد قادری صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ

الشیخ المقری حضرت مولانا قاری عبدالملک صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ

نمونہ اسلاف حضرت مولانا راحت علی ہاشمی صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ

اور

اپنے والدین کریمین کے نام

دعائیہ کلمات

أستاذ المقرئ الدکتور قاری أحمد میاں تھانوی حفظہ اللّٰہ تعالیٰ

نائب مدیر و رئیس قسم القراءات جامعہ دار العلوم الاسلامیہ لاہور

الحمد للّٰہ رب العلمین ، والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین محمد وآلہ وصحبہ اجمعین

امابعد!

عزیز القدر قاری قسمت اللہ صاحب کی ساعی جمیلہ بصورت

”تکملۃ العشرۃ فی اجراء القراءات العشر المتواترۃ“

مختلف مقامات سے دیکھنے کا اتفاق ہوا، اللہ تعالیٰ ان کی ساعی کو منظور و مقبول فرمائیں اور ان سے استفادہ کو عام فرمائیں

(الشیخ المقرئ الدکتور) أحمد میاں تھانوی (مدظلھم)

(رئیس قسم القراءات جامعہ دار العلوم الاسلامیہ)

۹/ ۹/ ۲۰۱۶ء

پیش لفظ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡقَدِیۡرِ وَنُصَلِّیۡ وَنُسَلِّمُ عَلٰی نَبِیِّہِ الۡمُصۡطَفَی الۡاَمِیۡنِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَزۡوَاجِہٖ وَصَحَابَتِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ

پاک ہے وہ ذات جو قادر مطلق ہے، کہ جس سے جو کام چاہے اور جس وقت چاہے لے لے، اور بلاشبہ اسی ذات نے اپنے خصوصی توفیق عنایت سے یہ کتاب لکھوائی، جس کا تعلق براہ راست الفاظ قرآن سے ہے، اللہ قبول ومنظور فرمائے

علم قراءات کے میدان میں پہلا مرحلہ قراءات سبعہ کا ہے، جس کیلئے شاطبیہ پڑھی پڑھائی جاتی ہے، اس کے بعد دوسرا مرحلہ قراءات ثلاثہ کا ہے، اس کیلئے علامہ جزریؒ کی کتاب الدرۃ المضیئۃ پڑھتے ہیں، اس کے پڑھنے سے قراءات عشرہ کی تکمیل ہوجاتی ہے، کتاب پڑھنے کے ساتھ طالب علموں کو قراءات کا اجراء بھی کروایا جاتا ہے، تاکہ طالب علم کیلئے فی البدیہہ مختلف قراءات میں تلاوت کرنا آسان ہو، مدارس دینیہ کے نصاب میں عموماً قراءات سبعہ کا الگ اور ثلاثہ کا الگ اجراء ہوتا ہے، لیکن ایک ساتھ قراءات عشرہ کا اجراء کہیں بھی نہیں ہوتا، جس کی وجہ سے طالب علم قراءات عشرہ کے اجراء سے ہچکاہٹ محسوس کرتا ہے۔ اسی دشواری کو دور کرنے کیلئے بندہ نے تنشیط الطبع (جو سبعہ کے اجراء پر حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ کی کتاب ہے) کی طرز پر قراءات عشرہ کے اجراء پر کتاب لکھی ہے، جس میں ہر آیت کے اجراء سے پہلے اُس آیت کے تمام مختلف فیہ کلمات وصلاً ووقفاً وجوہ کے ساتھ بیان کیے، اور ساتھ میں ہر اختلاف کا مأخذ بھی لکھا ہے، تاکہ طالب علم کیلئے آیت کا اجراء سمجھنا آسان ہوجائے۔

بندہ نے قراءات سبعہ کا اجراء شیخ المقرئین قاری نور محمد قادری صاحب حفظہ اللہ سے اور قراءت ثلاثہ کا اجراء شیخ المقرئین حضرت قاری احمد میاں تھانوی صاحب حفظہ اللہ سے پڑھا ہے، بندہ اپنے اساتذہ کا احسان مند ہے، جنہوں نے ہر موقع پر بندہ کے ساتھ خصوصی شفقت فرمائی اور ہمیشہ رہنمائی وحوصلہ افزائی فرماتے ہیں، بندہ اس موقع پر اپنے مشفق استاذ حضرت مولانا راحت علی ھاشمی صاحب حفظہ اللہ کا بھی بہت ہی احسان مند ہے، جو ہر موقع پر علمی وتحقیقی کام کرنے کی ہمت بڑھاتے ہیں اور ساتھ میں بہت ہی مفید مشورے دیتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان سب حضرات کا سایہ ہم پر تادیر قائم ودائم رکھے آمین۔

اہل علم سے گزارش ہے کہ دوران مطالعہ اگر کہیں کوئی غلطی یا سقم نظر آئے تو تنقید کی بجائے اصلاحی پہلو اختیار فرمائیں اور بندہ کو مطلع فرما کر عنداللہ ماجور ہوں، اللہ تعالیٰ اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت بخشے اور شائقین علم قراءات کیلئے نافع بنائے، امین ثم امین

قسمت اللہ
مدرس جامعہ دارالعلوم کراچی

اجراء کا طریقہ واقسام

عام طور پر قراءات کا اجراء تین طریقوں پر مشتمل ہوتا ہے، جن میں پہلا طریقہ جمع الجمع یا جمع مرکب کہلاتا ہے، اور اسی کے موافق آنے والے جدول میں آیات میں ترتیب لکھی گئی ہے، جمع الجمع میں شرعاً اختیار ہے، جس کو چاہیں مقدم ومؤخر پڑھیں، مگر قراء میں معمول یوں ہے کہ جس ترتیب سے قراء ورواۃ کے نام شاطبیہ ودرۃ میں لکھے گئے ہیں، اسی ترتیب سے پڑھتے ہیں، اور اس کی مخالفت فن کی ناواقفی اور غلطی سمجھا جاتا ہے، مثلاً کوئی آیت سب سے پہلے قالون کیلئے پڑھتے ہے، تو سب سے پہلے یہ دیکھنا پڑتا ہے، کہ کونسا امام یا راوی من اولہ الی آخرہ موافق ہوا، موافق والوں کو مندرج کہا جاتا ہے، پھر وقف سے قریب جس قاری وراوی کا اختلاف ہو، اُسے پڑھا جائے، پھر اس کے بعد والے کو، یعنی جس قاری یا راوی کا اختلاف اقرب الی الوقف ہو، تو دوسری وجہ اُسی قاری یا راوی کیلئے پڑھے گے بشرطیکہ اُس قاری یا راوی کا ماقبل کوئی اختلاف نہ ہو، ماقبل اختلاف موجود ہونے کی صورت میں مذکورہ امام یا راوی کیلئے تب تک نہیں پڑھ سکتے، جب تک ان کے پہلے اختلاف تک نہ پہنچ جائے، اسی طرح تمام اختلافات میں اقرب الی الوقف کا لحاظ رکھتے ہوئے ترتیب سے پڑھا جائے گا، لیکن اگر کسی ایک کلمہ میں زیادہ قراء کا اختلاف ہو، تو ناموں کی ترتیب سے تقدیم وتاخیر کرے۔

دوسرا طریقہ جمع وقفی کہلاتا ہے، اسماء کی ترتیب سے پہلے ایک قاری کیلئے شروع کیا جائے، اور مناسب مقام پر وقف انتظاری کے بعد اسماء ہی کی ترتیب سے غیر متعین قراء کیلئے شروع سے اسی وقف کے مقام تک پہنچائیں اگر ان کے ساتھ شروع سے آخر تک کوئی شریک ہوا تو وہ مندرج ہوجائے گے، اور اگر شریک نہیں ہے، تو باقیین میں سے ترتیب میں جو مقدم ہو اس کیلئے پھر پوری آیت پڑھی جائے گی، اس میں بھی جو جمع ہو گیا، وہ مندرج ہوجائے گا، اسی طرح سب کیلئے پوری پوری آیت پڑھی جائیگی۔

تیسرا طریقہ یہ ہے کہ پہلے راوی کیلئے آیت شروع کی جائے، اور جب لفظ مختلف فیہ پر پہنچے تو جمیع قراء کے اختلافات کو ترتیب وار پورا کر کے آگے بڑھے، اسی طرح ہر لفظ مختلف فیہ پر پہنچ کر اس کی تمام صورتوں کو وہیں کے وہیں پورا کرتا جائے اور ترتیب کا لحاظ رکھے، اور اگر یہ اختلافات دوسرے لفظ کو ملانے سے پیدا ہو تو ہر مرتبہ ان دونوں لفظوں کو ملا کر پڑھنا ضروری ہے، اس کو جمع حرفی کہتے ہیں۔

قراءات کا اختلاف دو قسم پر ہوتا ہے، ایک کلی اور دوسرا جزئی، کلی اختلاف کو اصولی اور جزئی اختلاف کو فرش کہتے ہیں، اختلاف فرشی کا انضباط تو کسی قاعدہ میں ہو ہی نہیں سکتا، البتہ اصولی اختلاف قواعد کلیہ کے انضباط سے ممکن ہے، اس لئے مناسب ہے کہ پہلے قراء عشرہ کا اصولی اختلاف ذکر کیا جائے، تا کہ جمع الجمع کی اجراء میں اختلافات مستحضر رہیں۔ نیز قراء عشرہ میں اصولی اختلاف کا اکثر حصہ تکمیل الاجر سے لیا گیا ہے۔

قراء عشرۃ کا اصولی اختلاف

باب البسملہ

قالون، مکی، عاصم، کسائی اور ابوجعفر کیلئے دو سورتوں کے درمیان بسم اللہ، ورش کیلئے وصل، سکتہ، بسم اللہ اور ابوعمرو بصری، یعقوب اور شامی کیلئے سکتہ اور وصل اور حمزہ اور خلف العاشر کیلئے صرف وصل ہے۔

باب ام القران

[ھم ،تم ،کم] کے بعد متحرک حرف ہوتو قالون بالخلف ،مکی اور ابو جعفر بلا خلف صلہ کرتے ہیں ،لیکن اگر میم جمع کے بعد ہمزہ قطعی آ جائے تو ورش کیلئے صلہ مع الطّول ہے۔

(عَلَيْهُمْ، اِلَيْهُمْ، لَدَيْهُمْ) حمزہ کیلئے حالین میں ھاء کا ضمہ ہے،البتہ یعقوب کیلئے مفرد کی ضمیر کے سوا ہر ایک ضمیر کی ھاء میں ضمہ ہے ،جبکہ وہ یاءِ ساکنہ کے بعد ہو،[عَلَيْهُمْ، اِلَيْهُمْ ، لَدَيْهُمْ ،فِيْهُمْ ،مِثْلَيْهُمْ ،عَلَيْهُنَّ ،اِلَيْهُنَّ ، فِيْهُنَّ ،اَيْدِيْهُنَّ ،عَلَيْهُمَا ،اِلَيْهُمَا ، فِيْهُمَا]اور اسی طرح وہ کلمات جن میں جمع کی ھاءِ ضمیر سے پہلے یاءِ ساکنہ حرف جزم کی بناء پر رسماً محذوف ہو تو رویس کیلئے وصلاً ووقفاً ھاء کے ضمہ سے ہے، جو کل پندرہ جگہ ہے:[۱](فَاٰتِهُمْ عَذَابًا)[۲](وَاِنْ يَّاْتِهُمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ)[۳](وَاِذَالَمْ تَاْتِهُمْ بِاٰيَةٍ)[اعراف:۳۸/۱۶۹/۲۰۳][۴](وَيُخْزِهُمْ)[۵](اَلَمْ يَاْتِهُمْ)[توبہ:۱۴/۷۰][۶](وَلَمَّايَاْتِهُمْ تَاْوِيْلُهٗ)[یونس:۳۹][۷](وَيُلْهِهُمُ الْاَمَلُ)[حجر:۳][۸](اَوَلَمْ تَاْتِهُمْ)[طٰہٰ:۱۳۳][۹](يُغْنِهُمُ اللّٰهُ)[نور:۳۲][۱۰](اَوَلَمْ يَكْفِهُمْ)[عنکبوت:۵۱][۱۱](رَبَّنَا اٰتِهُمْ)[احزاب:۶۸][۱۲،۱۳](فَاسْتَفْتِهُمْ)[صافات:۱۱/۱۴۹][۱۴](وَقِهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ)[۱۵](وَقِهُمُ السَّيِّاٰتِ)[غافر:۷/۹]البتہ(وَمَنْ يُّوَلِّهُمْ)[انفال:۱۶]کی ھاء کو قراءِ عشرہ کی طرح رویس نے بھی کسرہ سے پڑھا ہے۔

اوراگر میم جمع کے بعد سکون یا تشدید والا حرف ہو اور ھاء سے پہلے متصل کسرہ یا یاءِ ساکنہ ہو، جیسے [بِهِمُ الْاَسْبَابُ،عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ،عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ]تو اس صورت میں وصلاً ابو عمرو بصری کیلئے ھاء میم دونوں کا کسرہ[بِهِمِ الْاَسْبَابُ،عَلَيْهِمِ الْقِتَالُ،عَلَيْهِمِ الذِّلَّةُ]،حمزہ، کسائی کیلئے دونوں کا ضمہ[بِهُمُ الْاَسْبَابُ،عَلَيْهُمُ الْقِتَالُ،عَلَيْهُمُ الذِّلَّةُ]اور یعقوب کیلئے ھاء سے پہلے کسرہ ہو تو ھاء اور میم دونوں کا کسرہ[بِهِمِ الْاَسْبَابُ] اور یاءِ ساکنہ ہو تو دونوں کا ضمہ[عَلَيْهُمُ الْقِتَالُ،عَلَيْهُمُ الذِّلَّةُ] ہے۔البتہ(يُلْهِهُمُ الْاَمَلُ[حجر]، يُغْنِهُمُ اللّٰهُ[نور] ،وَقِهُمُ السَّيِّاٰتِ[مؤمن])ان تینوں میں رویس کے لئے ھا اور میم دونوں کا ضمہ ہے،اور روح کے لئے دونوں کا کسرہ ہے۔

باب الادغام

اس باب میں جن کلمات میں ادغام ہوتا ہے وہ دو طرح کے ہیں[۱]وہ کلمات جو ابو عمرو بصری کے ساتھ مخصوص ہیں ان کی تفصیل درج ذیل ہیں:

سوسی ادغام مثلین فی کلمۃ صرف کاف کا کاف میں دو جگہ کرتے ہیں یعنی (مَنَاسِكَكُمْ)(وَمَاسَلَكَكُمْ)اور ادغام متقاربین فی کلمۃ قاف کا کاف میں دو شرطوں سے کرتے ہیں:[۱] قاف سے پہلے حرف پر حرکت ہو[۲] کاف کے بعد میم ہو جیسے[خَلَقَكُمْ ،رَزَقَكُمْ]

ادغام مثلین ومتقاربین فی کلمتین ہر اس جگہ کرتے ہیں، جہاں چار موانع میں سے کوئی مانع نہ ہو اور وہ چار موانع ادغام یہ ہیں :[۱] مدغم (پہلا حرف)متکلم کی تاء ہو،مثلاً[كُنْتُ تُرَابًا][۲] پہلا حرف تاءِ مخاطب ہو، جیسے[اَنْتَ تُكْرِهُ][۳] پہلے حرف پر تنوین ہو، جیسے[وَاسِعٌ عَلِيْمٌ][۴] پہلے حرف پر تشدید ہو،[فَتَمَّ مِيْقَاتُ] پس ان چاروں صورتوں میں ادغام نہ ہوگا۔

[۲]وہ کلمات میں جن میں دوسرے قراء نے بھی ادغام کبیر کیا ہے:

ادغام مثلین فی کلمۃ میں سے کلمہ[اَتُحَآجُّوْنِّيْ] میں نافع ،ابو جعفر اور ابن ذکوان کے لئے ایک نون کے حذف سے [اَتُحَآجُّوْنِيْ]، ہشام کیلئے ادغام اور حذف نون دونوں ،اور مکی ، بصری، یعقوب، عاصم ،حمزہ، کسائی اور خلف کیلئے صرف ادغام ہے۔

کلمہ[لَا تَاْمَنَّا] میں صرف ابو جعفر کیلئے خالص ادغام ہے۔کلمہ[مَكَّنِّيْ] میں صرف مکی کیلئے[مَكَّنَنِيْ] ہے۔اور کلمہ [اَتُمِدُّوْنَنِ] میں حمزہ اور یعقوب کیلئے ادغام سے[اَتُمِدُّوْنِّ] ہے۔اور کلمہ[تَاْمُرُوْنِّيْ] میں نافع ،ابو جعفر کیلئے[تَاْمُرُوْنِيَ]اور شامی کیلئے [تَاْمُرُوْنَنِيْ] ہے۔اور سورۂ احقاف میں کلمہ[اَتَعِدَانِنِيْ] میں ہشام کیلئے ادغام سے[اَتَعِدَآنِّيْ] ہے،اور سورۂ نجم میں کلمہ[رَبِّكَ

تَتَمَارٰی] میں یعقوب کیلئے تاء کا تاء میں ادغام ہے اور سورۂ سبا میں کلمہ [ثُمَّ تَتَفَکَّرُوْا] میں رویس کیلئے تاء کا تاء میں ادغام ہے۔

ادغام مثلین فی کلمتین میں یعقوب کیلئے (وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ) کی باء کا باء میں ادغام ہے اور رویس کیلئے [فَلَآ اَنْسَابَ بَیْنَهُمْ ، نُسَبِّحَکَ کَثِیْرًا ،وَنَذْکُرَکَ کَثِیْرًا ،اِنَّکَ کُنْتَ] میں ادغام ہے، اور رویس کیلئے ذیل کے سولہ کلمات میں ادغام اور اظہار دونوں ہیں : (جَعَلَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ)[۷۲]، (جَعَلَ لَکُمْ مِّنْ اَزْوَاجِکُمْ)[۷۲]، (جَعَلَ لَکُمُ السَّمْعَ)[۷۸]، (جَعَلَ لَکُمْ)[۸۰]، (جَعَلَ لَکُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعٰمِ)[۸۰]، (جَعَلَ لَکُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا)[۸۱] (جَعَلَ لَکُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَکْنَانًا)[۸۱]، (جَعَلَ لَکُمْ سَرَابِیْلَ)[۸۱] (لَاقِبَلَ لَهُمْ)[نمل:۳۷] اور سورۂ نجم کے چاروں مواقع میں (اَنَّهٗ هُوَ) یعنی (اَنَّهٗ هُوَ اَضْحَکَ وَاَبْکٰی)[۴۳] (وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْیَا)[۴۴] (وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰی وَاَقْنٰی)[۴۸] (وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰی)[۴۹] اور سورۂ بقرہ کے (لَذَهَبَ بِّسَمْعِهِمْ)[۲۰] (کِتٰبَ بِّاَیْدِیْهِمْ)[۷۹] اور (اَلْکِتٰبَ بِّالْحَقِّ)

ادغام متجانسین اور متقاربین میں حمزہ کیلئے (وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ،فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ،فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا)[۱/۲/۳]، (وَالذّٰرِیٰتِ ذَرْوًا) میں ادغام اور (فَالْمُلْقِیٰتِ ذِکْرًا] [فَالْمُغِیْرٰتِ صُبْحًا)[۳/۵] میں خلف کیلئے ادغام اور خلاد کیلئے ادغام اور اظہار دونوں ہیں اور سوسی کے لئے ادغام اور باقیین کیلئے اظہار ہے، اور [بَیَّتَ طَّآئِفَةٌ] میں حمزہ اور بصری کیلئے ادغام ہے۔

باب هاء الكنايه

واحد مذکر غائب کی ضمیر سے پہلا اور بعد والا دونوں حرف متحرک ہوں تو سب قراء صلہ کرتے ہیں، اور اگر دونوں ساکن ہوں تو کوئی بھی صلہ نہیں کرتے ہیں، البتہ اگر پہلا ساکن اور بعد والا متحرک ہو تو صرف امام ابن کثیر مکیؒ صلہ کرتے ہیں اور حفصؒ نے صرف [فِیْهٖ مُهَانًا] میں مکیؒ کی موافقت کی ہے۔ اور باقی قراء عدم صلہ کرتے ہیں، البتہ بعض قراء اپنے قاعدہ کے خلاف کچھ کلمات میں هاء ضمیر کا ضمہ یا کسرہ یا سکون یا قصر کرتے ہیں اور وہ یہ ہیں:

[یُؤَدِّهٖ اِلَیْکَ]، [نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰی وَنُصْلِهٖ]، [وَنُؤْتِهٖ مِنْهَا] میں قالونؒ، ہشامؒ اور یعقوبؒ کیلئے قصر، ابوعمرو بصری، شعبہؒ، حمزہؒ اور ابو جعفرؒ کیلئے سکون اور باقیین کیلئے صلہ ہے۔

کلمہ [اقْتَدِهْ] کی هاء ضمیر کو ابن ذکوانؒ نے صلہ سے ہشامؒ نے عدم صلہ سے حمزہؒ، کسائیؒ، خلف العاشرؒ اور یعقوبؒ نے وصلاً حذف هاء اور وقفاً سکون سے اور باقیین کیلئے حالین میں سکون سے ہے۔

اور کلمہ [وَاَرْجِهْ] قالونؒ اور ابن وردانؒ کیلئے قصر سے، ورشؒ، کسائیؒ، خلف العاشرؒ اور ابن جمازؒ کیلئے صلہ سے، عاصمؒ اور حمزہؒ کیلئے سکون سے، مکیؒ اور ہشامؒ کیلئے ہمزہ اور هاء کے سکون سے، ابوعمرو بصریؒ اور یعقوبؒ کیلئے ہمزہ اور هاء کا ضمہ لہٰذا یعقوب کیلئے ہمزہ، هاء کا ضمہ اور ابن ذکوانؒ کیلئے ہمزہ اور هاء کے قصر سے ہے۔

اور کلمہ [أَهْلِهِ امْکُثُوْا] میں صرف حمزہ کیلئے (أَهْلِهُ امْکُثُوْا) ہے۔ کلمہ (یَاْتِهٖ)[طہ] کی هاء ضمیر رویسؒ کیلئے عدم صلہ، سوسی کیلئے سکون اور باقیین کیلئے صلہ سے ہے اور قالون کیلئے عدم صلہ بھی ہے، جو طریق کے خلاف ہے۔ اور کلمہ (وَیَتَّقْهِ) کی هاء ضمیر قالونؒ، ہشامؒ، ابن جمازؒ اور یعقوبؒ کیلئے عدم صلہ، ہشامؒ اور ابن جمازؒ کیلئے صلہ بھی ہے، اور ابوعمرو بصریؒ، شعبہؒ، خلادؒ اور ابن وردانؒ کیلئے سکون ہے اور خلادؒ کیلئے صلہ بھی ہے، حفصؒ کیلئے [وَیَتَّقْهِ] اور ورشؒ، مکیؒ، ابن ذکوانؒ، خلفؒ، کسائیؒ اور خلف العاشرؒ کیلئے [وَیَتَّقِهٖ] ہے۔

اور کلمہ [فَاَلْقِهْ] میں قالونؒ، ہشامؒ اور یعقوبؒ کیلئے عدم صلہ او ہشامؒ کیلئے صلہ بھی ہے اور ابوعمرو بصریؒ، عاصمؒ، حمزہؒ اور ابو جعفرؒ کیلئے سکون اور ورشؒ، مکیؒ، ابن ذکوانؒ، کسائیؒ اور خلف العاشرؒ کیلئے صلہ ہے۔

کلمہ (وَاِنْ تَشْکُرُوْا یَرْضَهُ لَکُمْ)[زمر:۷] میں نافعؒ، ہشامؒ، عاصمؒ، حمزہؒ اور یعقوبؒ کیلئے عدم صلہ ہے اور ہشامؒ کیلئے سکون بھی ہے، سوسیؒ اور ابن جمازؒ کیلئے صرف سکون اور مکیؒ، دوری بصریؒ، ابن ذکوانؒ، کسائیؒ، خلف العاشرؒ اور ابن وردانؒ کیلئے صلہ ہے اور دوری بصریؒ کیلئے سکون بھی ہے۔

(بِیَدِهٖ عُقْدَةُ النِّکَاحِ)[۲۳۷]، (غُرْفَةً بِیَدِهٖ)[۲۴۹] اور سورۂ مؤمن اور یٰسین میں (بِیَدِهٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ) میں کلمہ [بِیَدِهٖ] میں چاروں جگہ صرف رویس کیلئے قصر اور باقیین کیلئے صلہ ہے۔ سورۂ یوسف میں کلمہ (تُرْزَقٰنِهٖ) میں صرف ابن وردانؒ کیلئے عدم صلہ اور باقیین کیلئے صلہ سے ہے۔

اورکلمہ [اَنْسٰنِیْهُ] کہف اور [عَلَیْهُ اللّٰہ] فتح میں حفص کیلئے ھاء کا ضمہ اور باقیین کیلئے کسرہ ہے [یَرَهٗ] میں صرف ہشام ھاء کو ساکن اور باقیین صلہ سے پڑھتے ہیں

باب المد والقصر

مد متصل میں ورشؒ اور حمزہؒ طول اور باقیین توسط کرتے ہیں، البتہ مد منفصل میں قالونؒ، دوری بصریؒ کیلئے قصر، توسط دو وجوہ، مکیؒ، سوسیؒ، ابوجعفرؒ اور یعقوبؒ کیلئے صرف قصر، شامیؒ، عاصمؒ، کسائیؒ اور خلف العاشرؒ کیلئے توسط اور ورشؒ، حمزہؒ کیلئے طول ہے۔

مد بدل میں ورش کیلئے قصر، توسط اور طول تین وجوہ اور مد لین میں توسط اور طول دو وجوہ ہیں۔

مد بدل، مد لین کے قواعد: اگر لین اور بدل ایک جگہ جمع ہو جائیں تو دیکھنا چاہئے کہ کون مقدم ہے، اگر لین مقدم ہے اور بدل مؤخر ہے، تو چار وجوہ ہیں [۱، ۲، ۳] لین میں اول توسط کریں گے اور بدل میں قصر، توسط، طول کریں گے، [۴] لین میں طول کی صورت میں بدل میں صرف طول کریں گے، قصر اور توسط نہیں پڑھیں گے۔

اور اگر بدل مقدم ہے اور لین مؤخر، تو بھی چار وجوہ ہیں [۱، ۲] بدل میں قصر، توسط اور لین میں توسط [۳، ۴] بدل میں طول اور لین میں توسط، طول۔

اگر بدل اور یائی جمع ہوں تو دیکھنا چاہئے کہ کون مقدم ہے؟ اگر بدل مقدم ہو، تو چار وجوہ بنتی ہیں [۱] بدل میں قصر اور یائی میں فتحہ [۲] بدل میں توسط اور یائی میں تقلیل [۳، ۴] بدل میں طول اور یائی میں فتحہ پھر تقلیل۔

اور اگر یائی مقدم ہو تو بھی چار وجوہ بنتی ہیں [۱، ۲] یائی میں فتحہ اور بدل میں قصر، طول [۳، ۴] یائی میں تقلیل اور بدل میں طول توسط، پھر طول۔

اگر لین اور یائی جمع ہوں اور لین مقدم ہو اور یائی مؤخر ہو، [۱، ۲] تو لین میں توسط اور یائی میں فتحہ و تقلیل، [۳، ۴] پھر لین میں طول اور یائی میں فتحہ و تقلیل، یہ چار صورتیں ہوئیں

اور اگر یائی مقدم ہو [۱، ۲] تو یائی میں فتحہ اور لین میں توسط اور طول، [۳، ۴] پھر یائی میں تقلیل اور لین میں توسط پھر طول۔

اگر کسی جگہ پر یائی، بدل اور لین جمع ہو جائیں تو وہاں اجتماع کی چھ صورتیں ہیں، اگر یائی مقدم ہے، پھر بدل اور پھر لین ہے، تو [۱] اول یائی میں فتحہ ہوگا، اور بدل میں قصر اور لین میں توسط، [۲، ۳] یائی میں فتحہ، بدل میں طول اور لین میں توسط، پھر طول [۴] یائی میں تقلیل، بدل میں توسط، اور لین میں توسط [۵-۶] یائی میں تقلیل، بدل میں طول اور لین میں توسط، پھر طول۔

قصر اور تقلیل جمع نہیں ہوتی، اسی طرح توسط اور فتحہ جمع نہیں ہوتا، طول دونوں کے ساتھ جمع ہوتا ہے۔

اگر یائی مقدم ہے، پھر لین اور پھر بدل، تو اس صورت میں بھی چھ صورتیں ہیں [۱، ۲] اول یائی میں فتحہ، لین میں توسط اور بدل میں قصر پھر طول [۳] یائی میں فتحہ، لین میں طول اور بدل میں بھی طول [۴] یائی میں تقلیل، لین میں توسط اور بدل میں توسط [۵] یائی میں تقلیل، لین میں توسط اور بدل میں طول [۶] یائی میں تقلیل، لین میں طول، بدل میں بھی طول۔

اگر بدل مقدم ہے، پھر لین پھر یائی ہے، تو اس صورت میں بھی چھ وجوہ ہیں [۱] اول بدل میں قصر، لین میں توسط اور یائی میں فتحہ [۲] بدل میں توسط، لین میں بھی توسط، یائی میں تقلیل [۳، ۴] بدل میں طول، لین میں توسط، اور یائی میں فتحہ، پھر تقلیل [۵-۶] بدل میں طول، لین میں طول اور یائی میں فتحہ پھر تقلیل۔

اگر لین مقدم ہو، پھر یائی، پھر بدل ہو تو اس صورت میں بھی چھ صورتیں ہیں [۱، ۲] لین میں توسط، یائی میں فتحہ، بدل میں قصر، پھر طول [۳، ۴] لین میں توسط، یائی میں تقلیل اور بدل میں توسط، پھر طول [۵] لین میں طول، یائی میں فتحہ، بدل میں طول [۶] لین میں طول، یائی میں تقلیل، بدل میں طول۔

اگر لین مقدم ہو، پھر بدل اور پھر یائی ہو تو بھی چھ صورتیں ہیں [۱] لین میں توسط، بدل میں قصر اور یائی میں فتحہ [۲] لین میں توسط، بدل میں توسط اور یائی میں تقلیل [۳، ۴] لین میں توسط، بدل میں طول، یائی میں فتحہ، پھر تقلیل [۵، ۶] لین میں طول، بدل میں طول، یائی میں فتحہ، پھر تقلیل۔

اور اگر بدل مقدم ہو، پھر یائی، پھر لین، تو بھی چھ صورتیں ہیں [۱] بدل میں قصر، یائی میں فتحہ، لین میں توسط [۲] بدل میں توسط، یائی میں تقلیل اور لین میں توسط [۳، ۴] بدل میں طول، یائی میں فتحہ، لین میں توسط، پھر طول [۵، ۶] بدل میں طول، یائی میں تقلیل، لین میں توسط، پھر طول۔

باب الهمزتين فی کلمة

جب کسی کلمہ میں دو ہمزہ جمع ہو جائیں تو ان میں سے پہلا ہمزہ ہمیشہ مفتوح ہی ہوتا ہے، اور دوسرے ہمزہ پر تینوں حرکتیں آتی ہیں، اگر دوسرا ہمزہ مفتوح ہو تو **ذَاتُ الْفَتْحِ** اور اگر مکسور ہو تو **ذَاتُ الْکَسْرِ** اور اگر مضموم ہو تو **ذَاتُ الضَّمّ** کہلاتا ہے۔ اور دو ہمزہ قطعی متحرک کے درمیان ایک الف زائد لانے کو ادخال کہتے ہیں۔

اگر دونوں ہمزوں پر فتحہ ہو تو قالونؒ، ابوعمرو بصریؒ اور ابوجعفرؒ کیلئے ادخال الف اور دوسرے ہمزہ کی تسہیل ہے، اور ہشامؒ کیلئے ادخال کے ساتھ تحقیق اور تسہیل دونوں ہیں اور ورش کیلئے دوسرے ہمزہ کی بلا ادخال تسہیل اور اس ہمزہ کا الف سے ابدال دو وجوہ ہیں، اور مکیؒ، رویسؒ کیلئے ادخال کے بغیر دوسرے ہمزہ کی صرف تسہیل ہے، اور باقیین کیلئے بلا ادخال تحقیق ہے۔

[ءَ اٰمَنۡتُمۡ] جو سورۂ طٰہٰ، اعراف اور شعراء میں آیا ہوا ہے، اصل کے لحاظ سے تین ہمزہ تھے، یعنی [ءَ ءَ اٰمَنۡتُمۡ] تھا، پہلے دونوں پر فتحہ تھا اور تیسرا ساکن تھا، ان میں سے تیسرے کو سب الف سے بدلتے ہیں، اور باقی دو میں اختلاف ہے اور اس میں چار مذہب ہیں: [۱] شعبہ، حمزہ، کسائی اور روح کیلئے تینوں جگہ دونوں ہمزوں کی تحقیق بلا ادخال۔ [۲] نافعؒ، بزیؒ، ابوعمرو بصریؒ، ابن عامر شامیؒ اور ابوجعفرؒ کیلئے دو ہمزہ اور دوسرے ہمزہ کی تسہیل بلا ادخال۔ [۳] حفصؒ اور رویسؒ کیلئے تینوں جگہ ایک ہمزہ [اٰمَنۡتُمۡ]۔ [۴] قنبلؒ کیلئے طٰہٰ میں حفصؒ کی طرح ایک ہمزہ سے اور اعراف و شعراء میں دو ہمزہ ہیں، البتہ سورۂ اعراف میں [فِرۡعَوۡنُ] کے ساتھ ملا کر پڑھنے کی صورت میں تو پہلے ہمزہ کا فتحہ والے واو سے ابدال اور دوسرے کی تسہیل بلا ادخال یعنی [فِرۡعَوۡنُ وَاٰمَنۡتُمۡ] اور [فِرۡعَوۡنُ] سے جدا کر کے ابتداء یا اعادہ کرنے کی صورت میں بزیؒ کی طرح پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل بلا ادخال۔

اور سورۂ ملک میں لفظ [ءَ اَمِنۡتُمۡ] میں تمام حضرات اپنے ان قواعد پر ہیں جو ایک کلمہ کے دو ہمزوں میں ان کے لئے ابھی مذکور ہوئے۔

[ءَ اَعۡجَمِیٌّ] [فصلت] میں ہشام کیلئے ایک ہمزہ سے اور باقیین کیلئے دو ہمزہ ہیں، اور سب اپنے اس قاعدہ پر ہیں جو ابھی دو ہمزوں کے بارے میں گذرا، لیکن ابن ذکوانؒ اور حفصؒ اپنے قاعدہ کے خلاف بلا ادخال دوسرے ہمزہ کی تسہیل کرتے ہیں۔

سورۂ قلم میں لفظ [اَنۡ کَانَ] کو حمزہؒ، شعبہؒ، ابن عامر شامیؒ، ابوجعفرؒ اور یعقوبؒ کیلئے دو ہمزہ [ءَ اَنۡ کَانَ] ہیں، پھر ان میں سے حمزہؒ، شعبہؒ اور روحؒ کیلئے دوسرے ہمزہ کی تحقیق بلا ادخال، ہشامؒ اور ابوجعفرؒ کیلئے تسہیل مع الادخال، ابن ذکوانؒ اور رویسؒ کیلئے تسہیل بلا ادخال ہے۔ اور باقی نافعؒ، مکیؒ، ابوعمرو بصریؒ، حفصؒ، کسائیؒ اور خلف العاشرؒ کیلئے ایک ہمزہ ہے، یعنی [اَنۡ کَانَ] ہے۔

اور (اَذۡهَبۡتُمۡ) [احقاف:۲۰] ابن کثیر مکیؒ، ابن عامر شامیؒ، ابوجعفرؒ اور یعقوبؒ کیلئے دو ہمزوں سے (ءَ اَذۡهَبۡتُمۡ) ہے، اور باقی قراء عشرہ کیلئے ایک ہمزہ سے (اَذۡهَبۡتُمۡ) ہے، تسہیل و تحقیق و ادخال میں سب اپنے قواعد پر ہیں۔

[ءَ اٰلِهَتُنَا] [زخرف] میں کوفیین اور روح کیلئے دونوں ہمزوں میں تحقیق اور باقیین کیلئے پہلے میں تحقیق اور دوسرے میں تسہیل بلا ادخال ہے۔

اور اگر پہلے ہمزہ پر فتحہ اور دوسرے پر کسرہ ہو تو قالون، ابوعمرو بصری اور ابوجعفر کیلئے تسہیل مع الادخال، ورش، مکی اور رویس کیلئے تسہیل بلا ادخال، ہشام کیلئے [ءَ اِنَّکُم] [اعراف، فصلت] [ءَ اِنَّ] [اعراف و شعراء] [ءَ اِذَا] [مریم] [ءَ اِنَّكَ] [صفت] ان کلمات میں تحقیق مع الادخال اور [ءَ اِنَّکُم] [فصلت] میں تسہیل مع الادخال ہے اور باقی سب کلمات میں جمہور کی طرح تحقیق مع الادخال ہے۔ اور بعض کے مذہب پر بلا ادخال تحقیق بھی صحیح ہے، اور باقیین ہر جگہ تحقیق بلا ادخال کرتے ہیں۔

[ءَ اِنَّکُم] [اعراف] میں نافع، ابوجعفر اور حفص کیلئے ایک اور باقیین کیلئے دو ہمزہ ہیں۔ اور [ءَ اِنَّ] [اعراف] میں نافع، مکی، ابوجعفر اور حفص کیلئے ایک ہمزہ اور باقیین کیلئے دو ہیں، اور [ءَ اِنَّكَ] [یوسف] میں مکی اور ابوجعفر کیلئے ایک اور باقیین کیلئے دو ہمزہ ہیں، اور [اِنَّا لَمُغۡرَمُوۡنَ] [واقعہ] میں صرف شعبہ کیلئے دو اور باقیین کیلئے ایک ہمزہ ہے۔

اور اگر پہلے ہمزہ پر فتحہ اور دوسرے پر ضمہ ہو، جیسے [اَؤُنَبِّئُکُمۡ] تو ورش، مکی، رویس کیلئے تسہیل بلا ادخال، قالون، ابوعمرو بصری اور

ابوجعفر کیلئے تسہیل مع الا دخال ہے، اور ابوعمرو بصری کیلئے دوسری وجہ تسہیل بلا ادخال بھی ہے، اور ہشام کیلئے [اَؤُنَبِّئُکُم] میں تحقیق مع الا دخال اور تحقیق بلا ادخال دو وجوہ ہیں، اور کلمہ [ءَ اُنْزِل][ص] اور [ءَ اُلْقِیَ][قمر] میں تسہیل مع الا دخال، تحقیق مع الا دخال اور تحقیق بلا ادخال تینوں وجوہ ہیں۔ باقیین کیلئے تینوں کلمات میں صرف بلا ادخال تحقیق ہے۔

استفہام مکرر کا قاعدہ

استفہام مکرر کا مطلب یہ ہے کہ قریب قریب دو دو ہمزہ آرہے ہوں، یعنی اگر ایک جگہ پر دو ہمزوں والا کلمہ آیا ہوا ہے، اور اس کے بعد دوبارہ دو ہمزوں والا کلمہ آجائے خواہ ایک آیت میں ہو جیسے [ءَ اِذَا کُنَّا تُرٰبًاءَ اِنَّا][الرعد:۵] یا دو آیتوں میں ہو، جیسے [یَقُوْلُوْنَ ءَ اِنَّالَمَرْدُوْدُوْنَ فِی الْحَافِرَةِ ءَ اِذَا کُنَّا عِظٰمًا نَّخِرَةً][النازعات:۱۰،۱۱] تو یہ استفہام مکرر کہلاتا ہے، اور یہ قرآن میں گیارہ جگہ ہے، جو نو سورتوں میں ہے:

[۱][ءَ اِذَاکُنَّا تُرٰبًاءَ اِنَّالَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ][الرعد:۵][۲][۳][ءَ اِذَاکُنَّاعِظٰمًاوَّرُفَاتًاءَ اِنَّالَمَبْعُوْثُوْنَ][الاسراء:۴۹] [۴][ءَ اِذَامِتْنَاوَکُنَّاتُرٰبًاوَّعِظٰمًا ءَ اِنَّالَمَبْعُوْثُوْنَ][مؤمنون:۸۲][۵][ءَ اِذَاکُنَّا تُرٰبًاوَّاٰبَآؤُنَاءَ اِنَّالَمُخْرَجُوْنَ][نمل:۶۷][۶][اِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۔۔ءَ اِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ][عنکبوت:۲۸،۲۹][۷][وَقَالُوْا ءَ اِذَاضَلَلْنَافِی الْاَرْضِ ءَ اِنَّالَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ][سجدہ:۱۰][۸][ءَ اِذَامِتْنَا وَکُنَّا تُرٰبًاوَّعِظٰمًا ءَ اِنَّالَمَبْعُوْثُوْنَ][صافات:۱۶][۹][ءَ اِذَامِتْنَا وَکُنَّا تُرٰبًاوَّعِظٰمًاءَ اِنَّالَمَدِیْنُوْنَ][صافات:۵۳][۱۰][ءَ اِذَامِتْنَا وَکُنَّا تُرٰبًاوَّعِظٰمًا ءَ اِنَّالَمَبْعُوْثُوْنَ][واقعہ:۴۷][۱۱][یَقُوْلُوْنَ ءَ اِنَّالَمَرْدُوْدُوْنَ فِی الْحَافِرَةِ ءَ اِذَا کُنَّا عِظٰمًا نَّخِرَةً][نازعات:۱۰،۱۱]

نافع، کسائی اور یعقوب کیلئے ہر جگہ پہلا کلمہ استفہام سے اور دوسرا کلمہ اخبار سے ہے، اور ابن عامر شامی اور ابوجعفر کیلئے ہر جگہ پہلا کلمہ اخبار سے اور دوسرا استفہام سے ہے، اور باقی بصری، شعبہ، حمزہ، مکی، حفص اور خلف العاشر کیلئے ہر جگہ دونوں استفہام سے ہیں۔

البتہ نافع اور ابوجعفر کیلئے سورۂ نمل میں پہلے کلمہ اخبار سے اور دوسرا استفہام سے ہے، اور شامی و کسائی کیلئے پہلا کلمہ استفہام اور دوسرا اخبار سے ہے، اور عاصم، حمزہ، کسائی اور خلف العاشر کیلئے دونوں موقعوں میں استفہام سے ہیں۔

اور عنکبوت میں نافع، مکی، حفص، یعقوب، شامی اور ابوجعفر کیلئے پہلے موقع میں ایک ہمزہ یعنی اخبار سے اور دوسرے موقع میں دو ہمزہ یعنی استفہام سے، اور ابوعمرو بصری، شعبہ، حمزہ، کسائی اور خلف العاشر کیلئے دونوں جگہ استفہام سے ہے۔

اور صٰفّٰت میں پہلے موقع میں شامی کیلئے ایک ہمزہ سے اور دوسرے میں دو ہمزہ سے ہے، اور نافع، کسائی، ابوجعفر اور یعقوب کیلئے پہلے موقع میں دو ہمزہ اور دوسرے میں ایک ہمزہ ہے، اور باقی حضرات کیلئے دونوں میں دو دو ہیں۔

اور سورۂ واقعہ میں نافع، کسائی، ابوجعفر اور یعقوب کیلئے پہلے موقع میں دو ہمزہ اور دوسرے میں ایک ہمزہ ہے، اور شامی، مکی، ابوعمرو بصری، عاصم، حمزہ، خلف العاشر کیلئے دونوں موقعوں میں دو دو ہمزہ ہیں۔

سورۂ نازعات میں ابوجعفر کیلئے پہلے موقع میں ایک ہمزہ اور دوسرے میں دو ہمزہ ہیں، اور نافع، کسائی، شامی اور یعقوب کیلئے پہلے موقع میں دو ہمزہ اور دوسرے میں ایک ہمزہ ہے، اور باقیین کیلئے دونوں موقعوں میں دو دو ہمزہ ہیں۔

نیز استفہام مکرر کے ان موقعوں میں دو ہمزہ پڑھنے والے سب تسہیل و تحقیق و ادخال وغیرہ میں اپنے انہی قواعد پر ہیں، جو ابھی اوپر بیان کیے گئے ہیں۔

لفظ [اَئِمَّةً] میں ہشام کیلئے تحقیق مع الا دخال و تحقیق بلا ادخال ہے، اور ابوجعفر کیلئے تسہیل مع الا دخال ہے، اور نافع، مکی، ابوعمرو بصری اور رویس کیلئے تسہیل بلا ادخال ہے، اور باقیین کیلئے تحقیق بلا ادخال ہے۔

باب الهمزتین فی کلمتین

اگر دوکلموں میں دوہمزہ قطعی اس طرح جمع ہوں کہ پہلا ہمزہ پہلے کلمہ کے آخر میں اور دوسرا ہمزہ دوسرے کلمہ کے شروع میں ہو، اور دونوں کی حرکت یکساں ہوں تو اس کو متفقتین کہتے ہیں اور اس کی تین قسمیں ہیں: [۱] دونوں مفتوح ہو، جیسے [جَآءَ اَجَلُهُمْ] [۲] دونوں مکسور ہو، جیسے [هٰٓؤُلَآءِ اِنْ] [۳] دونوں مضموم ہو، جیسے [اَوْلِيَآءُ اُولٰٓئِكَ]

اور اگر دونوں کی حرکت مختلف ہو تو اس کو مختلفتین کہتے ہیں، اور اس کی پانچ قسمیں ہیں: [۱] پہلا مفتوح اور دوسرا مکسور، مثلا: [تَفِيْٓءَ اِلٰى] [۲] پہلا مفتوح اور دوسرا مضموم، مثلا: [جَآءَ اُمَّةً] [۳] پہلا مضموم اور دوسرا مفتوح، مثلا: [اَلْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ] [۴] پہلا مکسور اور دوسرا مفتوح، مثلا: [مِنَ السَّمَآءِ اٰيَةً] [۵] پہلا مضموم اور دوسرا مکسور، مثلا: [يَشَآءُ اِلٰى]

امام ابوعمرو بصری نے متفقتین کی تینوں صورتوں میں پہلے ہمزہ کو حذف کر کے اس سے پہلے والے حرف مد کو قصر اور مد سے پڑھا ہے، اور قالون، بزی نے مفتوحتین میں امام ابوعمرو بصری کی طرح پہلے ہمزہ کو حذف کر کے قصر و مد سے پڑھا ہے، اور مکسورتین میں یاء کی طرح اور مضمومتین میں واو کی طرح پہلے ہمزہ کو تسہیل سے پڑھا ہے، اور تسہیل کی صورت میں ہمزہ سے پہلے والے مدہ میں پہلے مد پھر قصر ہوگا۔ اور ورش، قنبل کیلئے متفقتین کی تینوں صورتوں میں پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ کی تسہیل اور خالص حرف مد سے ابدال دونوں وجوہ ہیں، البتہ [بِالسُّوْٓءِ اِلَّا]، [عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ] میں ورش کے لئے تین وجوہ ہیں: [۱] تسہیل [۲] یاء مدہ سے ابدال [۳] یاء مکسور سے ابدال اور قنبل کیلئے تسہیل اور یاء مدہ سے ابدال دو وجوہ ہیں، اور ابوجعفر، رویس کیلئے تینوں قسموں میں دوسرے ہمزہ کی تسہیل ہے باقی شامی، کوفیین اور روح نے متفقتین کی تینوں صورتوں میں دونوں ہمزوں کو تحقیق سے پڑھا ہے، البتہ ہشام، حمزہ کیلئے وقفا تخفیف ہوگی۔

اور مختلفتین میں نافع، ابن کثیر مکی اور ابوعمرو بصری، ابوجعفر اور رویس نے پہلی قسم میں ہمزہ ثانیہ میں تسہیل بالیاء، دوسری قسم میں ہمزہ ثانیہ میں تسہیل بالواو سے پڑھا ہے، (ناظم کے کلام [فَنَوْعَانِ قُلْ] سے یہی دو قسمیں مراد ہیں) اور ان تینوں نے تیسری قسم میں ہمزہ ثانیہ میں ابدال بالواو، جیسے [اَلْمَلَاُ وَفْتُوْنِيْ] اور چوتھی قسم میں ابدال بالیاء سے [مِنَ السَّمَآءِ يَوا ئْتِنَا] پڑھا ہے، اور [نَوْعَانِ مِنْهَا اُبْدِلَا] سے یہی دو قسمیں مراد ہیں۔ اور انہیں کیلئے پانچویں قسم میں ہمزہ ثانیہ میں تسہیل بالیاء اور ابدال بالواو [يَشَآءُ وِلٰى] دونوں وجوہ ہیں اور باقی شامی، چاروں کوفیین اور روح کیلئے دونوں ہمزوں کی تحقیق ہے۔

باب الهمزه المفرد

ہمزہ مفردہ سے وہ ہمزہ مراد ہے، جس کے ساتھ دوسرا ہمزہ نہ ہو، یعنی اکیلا ہمزہ ہو، اور اس باب میں صرف ہمزہ کے ابدال کا بیان ہوگا، اور ایسا ہمزہ کبھی ساکن بھی ہوتا ہے اور کبھی متحرک، اور حرکت والے ہمزہ سے پہلا حرف کبھی متحرک ہوتا ہے اور کبھی ساکن، پس ہمزہ کی کل تین قسمیں ہوگئیں: [۱] ساکنہ [۲] وہ ہمزہ جو خود بھی متحرک ہو اور اس سے پہلے حرف پر بھی حرکت ہو [۳] وہ متحرکہ جس سے پہلا حرف ساکن ہو۔

پہلی قسم میں ورش نے صرف اُس ہمزہ ساکنہ کا ابدال کیا ہے، جو فعل یا شبہ فعل کے فاء کلمہ میں واقع ہو یعنی اصلی حروف کے اعتبار سے وہ فاء کلمہ میں واقع ہو تو ایسے ہمزہ ساکنہ کو ورش ماقبل کی حرکت کے موافق حرف مد سے بدلتے ہیں، یعنی فتحہ کے بعد الف مدہ سے، کسرہ کے بعد یاء مدہ سے اور ضمہ کے بعد واو مدہ سے، البتہ مادہ [اِيْوَاء] کے مشتقات ورش کیلئے ابدال سے مستثنیٰ ہیں، اور کلمہ [بئس، بئسما، بئر، الذئب، يأجوج، مأجوج] میں ہمزہ ساکنہ فاء کلمہ میں نہ ہونے کے باوجود بھی ورش کیلئے ان کلمات میں ابدال ہے۔

سوسی، ابوجعفر نے ہر ہمزہ ساکنہ کا ابدال کیا ہے، خواہ فاء کلمہ میں ہو، یا عین کلمہ میں ہو یا لام کلمہ میں ہو، البتہ پانچ قسم کے ہمزہ ساکنہ سوسی کے لئے ابدال سے مستثنیٰ ہیں، [۱] وہ ہمزہ ساکنہ جس کا سکون جزم کی وجہ سے ہو، جیسے [تَسُؤْ، يَشَأْ، يُهَيِّئْ، نَنْسَأْهَا، يُنَبَّأْ] [۲] وہ کلمات جن میں ہمزہ کا سکون صیغہ امر ہونے کی بناء پر ہو، جیسے [هَيِّئْ، نَبِّئْ، اَرْجِئْهُ، اِقْرَأْ، اَنْبِئْهُمْ] [۳] وہ کلمات جن میں ابدال کرنے سے کلمہ ثقیل ہوجاتا ہے، اور نہ کرنے

سے خفیف رہتا ہے، جیسے [تُؤْیِه، تُؤْیُ] [۴] کلمہ [وَرِئْیًا] [۵] کلمہ [مُؤْصَدَةٌ] اور ابوجعفر کیلئے ہمزہ ساکنہ میں ابدال کی شرط یہ ہے کہ ہمزہ کا سکون اصلی ہو، عارضی نہ ہو، کیونکہ عارضی سکون میں ابدال نہیں ہوگا، مثلاً: [قَالَ الْمَلأُ] وقف میں ہمزہ کا ابدال نہیں ہوگا، کیونکہ ہمزہ پر وقف میں سکون عارضی ہے، البتہ [اَنْبِئْهُمْ] [بقرہ:۳۳] اور [نَبِّئْهُمْ] [حجر:۵۱] میں ابدال نہیں ہے، اور [رُءْیَا، اَلرُّءْیَا، رُءْیَاکَ، رُءْیَایَ] جیسے کلمات میں ابدال کے بعد ادغام بھی ہے، مگر [تُؤْوِیْ] اور [تُؤْوِیْهِ] میں ادغام کے بجائے صرف ابدال ہے۔

اور کلمہ [الـــــذئـــــب] کے ابدال میں ورش، سوسی اور ابوجعفر کے ساتھ کسائی اور خلف العاشر بھی شریک ہیں، اور [لُؤْلُؤًا، اَللُّؤْلُؤ] کے ابدال میں شعبہ نے سوسی اور ابوجعفر کی موافقت کی ہے۔

دوسری قسم وہ ہمزہ جو خود بھی متحرک ہو اور اس سے پہلے حرف پر بھی حرکت ہو، اس کی چھ صورتیں ہیں: [۱] ضمہ کے بعد فتحہ والا ہمزہ، جیسے [مُـــوَجَّـــلا] اس میں ورش اور ابوجعفر کیلئے ہمزہ کا فتحہ والے واو سے ابدال ہے، جبکہ ہمزہ فاء کلمہ میں ہو، البتہ [اَلْفُؤَادُ، فُؤَادَکَ ، بِسُؤَالِ] میں ہمزہ فاء کلمہ میں نہیں ہے، اس لئے ابدال بھی نہیں ہے۔ اور لفظ [یُؤَیِّدُ] کے ابدال میں ورش کے ساتھ ابن جماز شریک ہیں، ابن وردان کیلئے ابدال نہیں ہے۔ اور باقیین کیلئے اس قسم کے ہمزہ میں تحقیق ہے۔

[۲] کسرہ کے بعد فتحہ والا ہمزہ، جیسے [فِئَةً] اس قسم میں سے ذیل کے تیرہ کلمات میں ابوجعفر کیلئے ہمزہ کا یاء سے ابدال ہے اور وہ یہ ہیں: [قُرِیَ، اُسْتُهْزِیَ، وَنَاشِیَةَ، رِیَآءَ النَّاسِ، لَنُبَوِّیَنَّهُمْ ، لَیُبَطِّیَنَّ ، شَانِیَکَ، خَاسِیًا، مُلِیَتْ خَاطِیَةٍ، اَلْخَاطِیَة، فِیَةٌ، فِیَتَانِ، مِایَةٌ، مِایَتَیْنِ] البتہ [مَوْطِئًا] میں ابدال اور تحقیق دونوں ہیں۔ اور کلمہ [لِئَلَّا] میں صرف ورش کیلئے ابدال ہے، اور باقیین کیلئے ہمزہ کی تحقیق ہے۔

[۳] کسرہ کے بعد ضمہ والا ہمزہ جس کے بعد واو ہو، جیسے [مُسْتَهْـــزِءُوْنَ] تو اس قسم کے تمام الفاظ میں ابوجعفر ہمزہ کو حذف کر کے اس سے پہلے حرف پر کسرہ کے بجائے ضمہ پڑھتے ہیں جیسے [مُسْتَهْزُوْنَ، مُتَّکُوْنَ ، فَمَالُوْنَ ، اَلْخَاطُوْنَ ، اَلصَّابُوْنَ، اَنْبُوْنِیْ ، لِیُوَاطُوْا، اَنْ یُّطْفُوْا، قُلِ اسْتَهْزُوْا] البتہ [الْمُنْشِئُوْنَ] میں ابن وردان کیلئے حذف و اثبات دونوں اور ابن جماز کیلئے صرف حذف ہے۔ اور کلمہ [اَلصَّابُوْنَ] کے حذف ہمزہ اور باء کے ضمہ میں ابوجعفر کے ساتھ نافع بھی شریک ہیں۔

[۴] کسرہ کے بعد کسرہ والا ہمزہ، جس کے بعد یاء ہو، جیسے [خٰـطِئِیْنَ] اس قسم کے چاروں الفاظ میں ابوجعفر کیلئے حالین میں ہمزہ کا حذف ہے [خَاطِیْنَ ، مُتَّکِیْنَ ، مُسْتَهْزِیْنَ ، اَلصّٰبِیْنَ] البتہ صرف کلمہ [اَلصّٰبِیْنَ] کے حذف ہمزہ میں نافع بھی ابوجعفر کے ساتھ شریک ہیں۔ اور کلمہ [خاسئین] میں صرف تحقیق ہے، ابدال و حذف نہیں ہے۔

[۵] فتحہ کے بعد ضمہ والا ہمزہ، جس کے بعد واو ہو، جیسے [وَلَا یَطَـئُوْنَ] اور یہ صرف تین کلمات ہیں اا ابوجعفر کیلئے حالین میں ہمزہ کے حذف اور اس سے پہلے حرف پر فتحہ ہے، جیسے [وَلَا یَطَوْنَ، اَنْ تَطَوْهُمْ، لَمْ تَطَوْهَا]

[۶] فتحہ کے بعد فتحہ والا ہمزہ، مثلاً: [مُتَّکَأً] اس کو ابوجعفر نے ہمزہ کے حذف سے [مُتَّکًا] پڑھا ہے۔ اور [اَرَءَیْتَ، اَفَرَءَیْتَ] جیسے کلمات میں ہمزہ کی تسہیل میں قالون بھی ابوجعفر کے ساتھ شریک ہیں، اور ورش کیلئے دوسرے ہمزہ کی تسہیل اور اس کا الف سے ابدال دونوں وجوہ ہیں اور کسائی کیلئے دوسرے ہمزہ کے حذف سے [اَرَیْتَ، اَفَرَیْتَ] ہے۔

تیسری قسم وہ ہمزہ جو ساکن کے بعد متحرک ہو اس کی تین صورتیں ہیں: [۱] ہمزہ زاء ساکنہ کے بعد ہو، جیسے [جُـــزْءًا] ابوجعفر کیلئے ہمزہ کا زاء سے ابدال کر کے پھر زاء کا زاء میں ادغام سے [جُزًّا، جُزٌّ] ہے۔

[۲] ہمزہ یاء ساکنہ کے بعد ہو، جیسے [کَهَیْـئَةِ] اس قسم میں سے صرف تین کلموں میں ابوجعفر کیلئے ہمزہ کا یاء سے ابدال پھر یاء کا یاء میں ادغام ہے۔ [کَهَیَّةِ، وَالنَّسِیُّ، اَلنَّبِیُّوْنَ، اَلنَّبِیّ] البتہ [اَ لْاَنْبِـئَآءَ] میں صرف ہمزہ کا یاء سے ابدال ہے، ادغام نہیں ہے۔ اور [اَلنُّبُوْءَةِ] میں ہمزہ کا واو سے ابدال اور پھر واو کا واو میں ادغام [اَلنُّبُوَّةِ] ہوگا۔ اور مادہ [اَلنُّبُوْءَةِ] میں باقی قراء کیلئے ابوجعفر کی طرح ابدال

ہے، البتہ نافع کیلئے ہمزہ کی تحقیق ہے، یعنی [اَلنَّبِیْٓـُٔوْ ن، اَلنَّبِیْٓءِ، اَلْاَنْبِیٰٓـءَ] لیکن قالون کیلئے سورۂ احزاب میں دوجگہ [لِلنَّبِیْٓءِ اِنْ اَرَادَ] [بُیُوْتَ النَّبِیْٓءِ اِلَّآ] جمہور کی طرح ہمزہ کا یاء سے ابدال اور پھر یاء کا یاء میں ادغام [لِلنَّبِیِّ اِنْ اَرَادَ] اور [بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّآ] ہے۔

[۳] ہمزہ الف کے بعد ہو، جیسے [اِسْرَآءِ یْلَ] اور اس قسم میں صرف چار کلمات میں ہمزہ کی تسہیل ہے، یعنی [اِسْرَآءِ یْلَ، کَآئِنْ، اَلّٰٓـئِ، ھٰٓاَنْتُمْ] پہلا کلمہ [اِسْرَآءِ یْلَ] میں ابوجعفر کیلئے ہر جگہ ہمزہ کی تسہیل اور دوسرا کلمہ [کَـآئِنْ] میں ابوجعفر کیلئے کاف کے بعد الف پھر کسرہ اور تسہیل والے ہمزہ سے یا کے بغیر، اور ان دونوں کلمات میں تسہیل کی وجہ سے قاعدہ کے موافق الف میں مد وقصر دونوں کرتے ہیں، اور اس دوسرے کلمہ میں مکی بھی ان کے ساتھ شریک ہیں، لیکن ان کے لئے ہمزہ کی تسہیل نہیں ہے، اور اسی لئے ہمزہ سے پہلے الف میں ان کے ہاں قصر بھی نہیں ہے، بلکہ صرف دو الفی مد ہے۔ تیسرا کلمہ [اَلّٰٓـئِ] چاروں جگہ ابوجعفر ہمزہ کی تسہیل کرتے ہیں اور ہمزہ کے بعد یا نہیں پڑھتے ہیں یعنی [اَلّٰٓـئِ] اور اس وجہ میں ورش بھی ان کے ساتھ شریک ہیں، اور بزی، ابوعمرو بصری کیلئے اس کلمہ میں دو وجوہ ہیں [۱] ایک وجہ ابوجعفر کی طرح [۲] ہمزہ کا یاء ساکنہ سے ابدال [اَلّٰٓـیْ]۔ اور وقف بالاسکان کی صورت میں ورش، بزی، ابوعمرو بصری اور ابوجعفر کیلئے صرف [اَلّٰٓـیْ] ہے۔ اور قالون، قنبل اور یعقوب کیلئے یاء کے حذف اور ہمزہ کی تحقیق سے [اَلّٰٓـئِ] اور شامی، کوفیین کیلئے [اَلّٰٓـئِیْ] چوتھا کلمہ [ھٰٓاَنْتُمْ] چاروں جگہ ابوجعفر کیلئے ہمزہ کی تسہیل ہے، اور اس میں قالون اور ابوعمرو بصری بھی ان کے ساتھ شریک ہیں، اور ورش کیلئے دو وجوہ ہیں [۱] ایک الف کا حذف اور ہمزہ کی تسہیل [ھَـاَنْتُمْ] [۲] الف کا حذف اور ہمزہ کا الف سے ابدال مد لازم کے ساتھ [ھَـآنْتُمْ]۔ اور تسہیل کیلئے الف کے حذف اور ہمزہ کی تسہیل سے [ھَـاَنْتُمْ]۔ اور بزی، شامی، عاصم، حمزہ، کسائی، خلف العاشر اور یعقوب کیلئے [ھٰٓاَنْتُمْ] ہے۔ اور مد وقصر میں سب اپنے اپنے قاعدہ پر ہیں۔

باب النقل

اگر ہمزہ کلمہ کے شروع میں ہو اور اس سے پہلے کلمہ کے آخر میں حرف صحیح ساکن ہو یعنی مدہ نہ ہو، نیز جمع کی میم بھی نہ ہو تو ورش حالین میں ہمزہ کی حرکت نقل کر کے اس سے پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں مثلا: [قَـدْاَفْـلَحَ ،مَنْ اٰمَنْ، عَذَابٌ اَلِیْمٌ] اور ورش کے علاوہ سب کیلئے ترک نقل ہے، البتہ امام حمزہ وقفاً نقل کرتے ہیں مگر کچھ کلمات میں بعض قراء نقل کرتے ہیں اور وہ درج ذیل ہیں:

[۱] [ءٰٓ الْئٰنَ] سورۂ یونس میں دونوں جگہ نافع، ابن وردان دونوں کیلئے [۲] [ءٰٓ الْئٰنَ] چھ جگہ ورش، ابن وردان کیلئے [۳] [مِلْءُ الْاَرْضِ [آل عمران:۹۱]] میں صرف ابن وردان کیلئے [۴] [مِنْ اِسْتَبْرَقٍ [رحمٰن]] میں ورش، رویس کیلئے [۵] [وَسْئَلْ ، فَسْئَلَ] جب واو اور فاء کے بعد ہو تو مکی، کسائی اور خلف العاشر کیلئے نقل [۶] [عَادًا الْاُوْلٰی] میں نافع، ابوعمرو بصری، ابوجعفر اور یعقوب کیلئے نقل ہے، پھر قالون کیلئے وصلاً لام کے بعد ہمزہ ساکنہ سے [عَـادًا الُّؤْلٰی] اور اعادہ میں [اَلُـؤْلٰی، اَلُؤْلٰی، الُؤْلٰی] ہے، اور ورش، ابوجعفر، ابوعمرو بصری اور یعقوب کیلئے وصلاً [عَـادًا الُّـوْلٰـی] ہمزہ کے بغیر واو ساکنہ سے اور اعادہ کی صورت میں ورش کیلئے [اَلُوْلٰی، الُوْلٰی] اور ابوعمرو بصری، ابوجعفر اور یعقوب کیلئے [اَلُوْلٰی، اَلُوْلٰی، الُوْلٰی] ہے۔ [۷] [رِدْءً یُّصَدِّقُنِیْ] میں نافع اور ابوجعفر کیلئے نقل ہے، پھر نافع کیلئے وصلاً [رِدًایُّـصَـدِّقُـنِـیْ] اور وقف میں تنوین کو الف سے بدل کر [رِدَا] اور ابوجعفر کیلئے حالین میں [رِدَ ایُصَدِّقُنِیْ] ہے۔

باب وقف حمزہ وھشام

جو ہمزہ کلمہ کے بالکل شروع میں ہو یعنی اس سے پہلے کوئی زائد حرف بھی نہ ہو، اور اسی طرح وہ [اَلْ] تعریفی اور ساکن منفصل کے بعد بھی نہ ہو، تو اس کو صرف تحقیق سے پڑھتے ہیں اور شاطبیہ اور تیسیر کے طرق سے اس میں ذرا بھی تبدیلی نہیں ہوتی، جیسے [اِنَّ] وغیرہ، اور باقی جو ہمزہ حقیقۃً کلمہ کے درمیان میں ہو یا کسی زائد حرف کے سبب درمیان والا ہو گیا ہو، جیسے [یَسْئَلُوْنَ] وغیرہ تو اس میں صرف حمزہؒ

اور جو کلمہ کے آخر میں ہو، جیسے [یشـــآء] وغیرہ تو اس میں ہر جگہ ہشام اور حمزہ دونوں وقفاً تخفیف کیا کرتے ہیں، پس طلبہ کو چاہئے کہ آخر والے ہمزہ کے حکم کو ہشام، حمزہ دونوں کیلئے اور باقی ہمزوں کے حکم کو صرف حمزہ کیلئے تصور کریں۔

واضح ہو کہ ان تمام ہمزوں کی اصولی طور پر تین قسمیں ھیں:

[ا] اول ساکنہ:

(الف) جس کا سکون لازمی ہو اس کا ہر جگہ پہلے حرف کی حرکت کے مطابق حرف مد سے ابدال کرتے ہیں [اقرا، نبّی، یالمُون، بیر]

فائدہ: [ا] [نَبّیْھُمْ] اور [اَنْبِیْھُمْ] میں ابدال کے بعد ھا کا ضمہ اور کسرہ دونوں جائز ہیں، اور صاحب نشر کی رائے پر ضمہ اولیٰ اور اس کے زیادہ موافق ہے۔

[۲]......[رءْ یَا، تُؤْی، رُءْ یَا، رُءْ یَاكَ] وغیرہ ان میں ابدال کے بعد بعض کے قول کی بنا پر اظہار [رِیْیَا، تُوْوِی، رُوْ یَا] اور بعض کے قول پر ادغام [رِیَّا، تُوِّیْ، رُیَّا] ہے، لیکن [رِیَّا، تُوِّیْ، رُیَّا] میں ابدال اور ادغام اور [رُوْ یَا] میں ابدال و اظہار قوی تر ہے۔

[ب] جس ہمزہ کا سکون عارضی ہو تو بھی اپنے سے پہلے حرف کی حرکت کے مطابق حرف مد سے بدل جاتا ہے، یہی اکثر کا مذہب ہے اور بعض کی رائے پر اس قسم میں دوسری وجوہ ہیں، جن کی تفصیل یہ ہے:

[ا]......فتحہ والے ہمزہ میں صرف ابدال ہے، جیسے [قُرِیْ]

[۲]......کسرہ کے بعد کسرہ اور ضمہ والا ہمزہ الف کی صورت میں ہو، جیسے [مَلَإِ] وغیرہ تو اس میں اکثر کے مذہب پر الف سے ابدال اور بعض کے مذہب پر روم کے ساتھ تسہیل ہے۔

[۳]......فتحہ کے بعد کسرہ والا ہمزہ یاء کی صورت میں ہو، جو صرف [مِـــنْ نَّبَـــائِ] [انعام] میں ہے، تو اس میں چار وجوہ ہیں [ا] الف سے ابدال [۲] روم کے ساتھ تسہیل [۳] یاء ساکنہ سے ابدال [مِنْ نَّبَایْ] [۴] اس یاء میں روم۔

[۴]......فتحہ کے بعد ضمہ والا واو کی صورت میں ہو، جیسے [اَتَـــــوَكَّـــــؤُا] وغیرہ، تو اس میں پانچ وجوہ ہیں [ا] الف سے ابدال [اَتَوَکّٰوا] [۲] روم کے ساتھ تسہیل [۳] واو سے ابدال اور اس میں سکون [اَتَوَکَّوْا] [۴] اس واو میں اشمام [۵] اس واو کے ضمہ میں روم

[۵]......کسرہ کے بعد کسرہ والے میں تین وجوہ ہیں [ا] جمہور کے مذہب پر یاء ساکنہ سے ابدال یعنی [شَـاطِیْ] اس صورت میں روم نہ ہوگا [۲] ہمزہ میں روم کے ساتھ تسہیل [۳] اخفش کے مذہب پر یاء کے کسرہ میں روم، کیونکہ وہ اس کے قائل ہیں کہ ہمزہ کو اولاً کسرہ والی یاء سے بدلا گیا ہے، پھر وہ یاء وقف کے سبب ساکن ہوگئی۔

[۶]......کسرہ کے بعد ضمہ والے میں چار وجوہ ہیں [ا] جمہور کے مذہب پر یاء ساکنہ سے ابدال [اُبَـــرِّیْ] [۲] روم کے ساتھ ہمزہ کی تسہیل [۳] اخفش کے مذہب پر اس یا میں اشمام [۴] یا میں روم کیونکہ وہ ہمزہ کو ضمہ والی یاء سے بدل کر ساکن پڑھتے ہیں

[۷]......ضمہ کے بعد کسرہ والے ہمزہ میں تین وجوہ ہیں: [ا] جمہور کے مذہب پر واو ساکنہ سے ابدال [وَلُـــوْلُـــوْ] [۲] بعض کی رائے پر دوسرے ہمزہ میں روم کے ساتھ تسہیل [۳] اخفش کے مذہب پر اس واو میں روم

[۸]......ضمہ کے بعد ضمہ والے ہمزہ میں چار وجوہ ہیں [ا] واو سے ابدال [مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ] [۲] دوسرے ہمزہ کی تسہیل روم کے ساتھ [۳،۴] اخفش کے مذہب پر واو میں اشمام پھر روم۔

دوم: وہ حرکت والا ہمزہ جس سے پہلا حرف ساکن ہو۔

[الف] وہ ہمزہ جو ساکن صحیح متصل کے بعد ہو، اس کی پانچ صورتیں ہیں:

[ا]......ہمزہ کلمہ کے درمیان میں ہو، جیسے [یَـجْـرَءُ وْن] وغیرہ، یا کلمہ کے اخیر میں ہو اور اس پر فتحہ ہو، جیسے [الْـخَـبْ ءَ] اس میں

صرف نقل وحذف ہے۔

[۲]......ہمزہ متطرفہ جس پر کسرہ ہو، جیسے [اَلْمَرْءِ]اس میں نقل وحذف کے بعد اسکان وروم ہیں

[۳]......ہمزہ متطرفہ جس پر ضمہ ہو، جیسے [اَلْمَرْءُ، دِفْءٌ]اس میں نقل وحذف کے بعد اسکان، اشمام، روم تینوں ہیں

[۴]......ہمزہ کلمہ کے درمیان ہواورالف کی صورت میں ہو، جیسے [اَلنَّشْاَةَ]اورسورۂ احزاب میں [یَسْاَلُوْنَ]اورسورۂ فتح میں [شَطْاَهٗ]اس قسم میں دووجوہ ہیں [ا]نقل کے حذف [اَلنَّشَهٗ، شَطَهٗ، یَسَلُوْن][۲]رسم کی بناء پر الف کا باقی رکھنا [اَلنَّشَآهٗ، شَطَآهٗ، یَسَالُوْن]

[۵]......ہمزہ متوسطہ واو کی صورت میں ہو، جیسے [هُزُؤًا، كُفُؤًا]اس میں بھی دو ہیں [ا]نقل کے بعد حذف [هُزْوا، كُفْوا][۲]رسم کی بناء پر نقل کے بغیر واو سے ابدال [هُزُوَا، كُفُوَا]

[ب]ہمزہ متطرفہ واو، یا یاء مدہ اصلیہ یا لین کے بعد، اس کی درج ذیل صورتیں ہیں:

[ا]......جو ہمزہ کلمہ کے درمیان ہو، جیسے [سُوْءًا، سِيْئَتْ، شَيْئًا][۲]......ہمزہ مفتوحہ متطرفہ ہو، جیسے [اَلسُّوْءَ، سِیْءَ]تو ان میں دووجوہ ہیں [ا]جمہور کے قول پر نقل وحذف یعنی [سُوَا، سِيَتْ، شَيَا، السُّوَ، سِیَ][۲]بعض کے قول پر ابدال وادغام یعنی [سُوًّا، سِيَّتْ، شَيًّا، السُّوّ، سِیّ]

لیکن [اَلْمَوْءُدَةُ]میں نقل قوی اور ادغام ضعیف ہے اور [مَوْئِلًا]میں نقل وادغام دونوں ہیں اور نشر کی رو سے یا سے ابدال ضعیف ہے۔

[۳]......ہمزہ کلمہ کے آخر میں ہو اور اس پر ضمہ ہو، جیسے [سُوْءٍ، شَیْءٍ]اس میں چار ہیں [۱،۲]جمہور کے یہاں نقل وحذف کے بعد سکون اشمام وروم [۳،۴]بعض کے ہاں ابدال وادغام کے بعد اسکان وروم واشمام۔

ہمزہ الف کے بعد ہو، اس کی چھ صورتیں ہیں:

[ا]......وہ ہمزہ جو حقیقۃ کلمہ کے درمیان ہو، جیسے [جَآءَنَا، نِسَاءَنَا]اس میں دووجوہ ہیں [ا]مد وتسہیل [۲]قصر وتسہیل

[۲]......تنبیہ کی ہا اور ندا کی یا کے بعد ہو، جیسے [هٰٓاَنْتُمْ، یٰٓاٰدَمُ]وغیرہ، اس میں تین وجوہ ہیں [ا]مد وتسہیل [۲]قصر وتسہیل [۳]مد وتحقیق۔

[۳]......کلمہ کے آخر میں فتحہ والا ہمزہ ہو، جیسے [شَآءَ]اس میں تین وجوہ ہیں: ابدال کے بعد طول، توسط، قصر

[۴]......کلمہ کے آخر میں کسرہ وضمہ والا ہمزہ ہو جیسے [السَّمَآءِ، یَشَآءُ]وغیرہ، اس میں پانچ وجوہ ہیں، [ا-۳]الف سے ابدال کے بعد طول، توسط، قصر [۴، ۵]بعض کے مذہب پر تسہیل مع الروم مع المد والقصر

[۵]......الف کے بعد ضمہ والا ہمزہ واو کی صورت میں ہو، جیسے [شُرَكٰٓؤُا]وغیرہ، اس میں بارہ وجوہ ہیں، جن میں پانچ وجوہ وہ ہیں جو اوپر [۴]نمبر میں گزریں، [۶-۱۱]ہمزہ کا واو سے ابدال اور اس سے پہلے الف میں مد کی تینوں اسکان سے بھی اور اشمام سے بھی [۱۲]اس واو میں روم قصر کے ساتھ۔

ہمزہ واو، اور یا زائدہ کے بعد ہو، اس کی تین صورتیں ہیں:

[ا]......ہمزہ کلمہ کے درمیان ہو، جیسے [خَطِیْٓئَتُهٗ]اس میں ابدال وادغام ہے، یعنی [خَطِیَّتُهٗ][۲]ہمزہ مکسورہ کلمہ کے آخر میں ہو، جیسے [قُرُوْءٍ]اس میں ابدال وادغام کے بعد واو میں اسکان وروم یعنی [قُرُوّ][۳]ہمزہ مضمومہ کلمہ کے آخر میں ہو، جیسے [النَّسِیْءُ، بَرِیْءٌ]اور حمزہ کی قراءۃ پر [دُرِّیْءٌ]بھی اسی قسم میں شامل ہے، اس میں تین وجوہ ہیں، ابدال وادغام کے بعد یا میں اسکان، اشمام اور روم یعنی [النَّسِیّ]

سوم: وہ ہمزہ جو خود بھی متحرک ہو اور اس سے پہلا حرف بھی متحرک ہو

یہ ہمیشہ کلمہ کے درمیان میں ہوتا ہے، کبھی تو حقیقۃً اور کبھی کسی زائد حرف کی وجہ سے، پس جو حقیقۃً درمیان میں ہو، اس کو متوسط بنفسہ کہتے ہیں، اور اس میں بلا خلاف تخفیف ہوتی ہے، اور جو زائد حرف کی وجہ سے درمیان میں ہو، اس کو متوسط بزائدہ کہتے ہیں، اس میں تحقیق اور تخفیف دونوں وجوہ ہیں۔

اور ان میں سے بنفسہ تو تینوں حرکتوں کے بعد آتا ہے، اور خود اس ہمزہ پر بھی تینوں حرکتیں آتی ہیں اور اس سے پہلے حرف پر بھی۔ اسی لئے متوسط بنفسہ کی نو صورتیں ہو جاتی ہیں [۱-۳] فتحہ کے بعد تینوں حرکتوں والا، جیسے [سَأَلْتُمْ ،یَئِسَ ،رَؤُفٌ] [۴-۶] کسرہ کے بعد تینوں حرکتوں والا، جیسے [سَیِّئًا ،خٰطِئِیْنَ ،مُسْتَهْزِءُ وْن] [۷-۹] ضمہ کے بعد تینوں حرکتوں والا، جیسے [مُؤَجَّلاً ، سُئِلُوْا ، بِرُءُ وْسِكُمْ]

اور رہا متوسط بزائدہ سو خود اس پر تو تینوں حرکتیں آتی ہیں، لیکن اس پہلے حرف پر فتحہ وکسرہ ہی آتا ہے، اسی لئے اس کی چھ صورتیں ہیں [۱-۳] فتحہ کے بعد تینوں حرکتوں والا، جیسے [فَاَمَّا ،فَاِمَّا ،فَاُمُّهٗ] [۴-۶] کسرہ کے بعد تینوں حرکتوں والا، جیسے [بِاَسْمَآئِهِمْ ،بِاِحْسَانٍ ،لِاُوْلٰهُمْ] پس فتحہ کے بعد متوسط بنفسہ میں صرف تسہیل اور متوسط بزائدہ میں تحقیق وتسہیل دونوں ہیں، لیکن [ولا یَطَـٔـُوْنَ ، تَطَـٔـُوْهَا ،تَطَـٔـُوْهُمْ] میں تسہیل وحذف دونوں ہیں، اور حذف میں یہ شکل ہوگی [ولا یَطَوْنَ ،تَطَوْهَا تَطَوْهُمْ]

کسرہ کے بعد فتحہ والے میں ابدال اور متوسط بنفسہ، جیسے [سَیِّا تِكُمْ] وغیرہ، متوسط بزائدہ جیسے [بِا سْمَآئِهِمْ] وغیرہ، اس میں تحقیق بھی ہے۔

کسرہ کے بعد کسرہ والے میں تسہیل، بنفسہ جیسے [بَارِئِكُم] لیکن اگر اس بنفسہ کے بعد یاء ساکنہ ہو، جیسے [خٰطِئِیْنَ] تو حذف بھی ہے، یعنی [خٰطِیْنَ]، بزائدہ جیسے [بِاِحْسَانٍ ،بِاِیْمَانٍ] اس میں تحقیق بھی اور یاء والے میں حذف قطعاً نہیں ہے۔

کسرہ کے بعد ضمہ والے میں تسہیل اور یاء سے ابدال، بنفسہ جیسے [سَنُقْرِئُكَ] لیکن اگر بے صورت ہو اور اس کے بعد واو ہو، تو حذف بھی ہے، جیسے [مُسْتَهْزِءُ وْنَ]، پس اس میں تین وجوہ ہیں [۱] تسہیل [۲] یاء سے ابدال [مُسْتَهْزِیُ وْنَ] [۳] حذف [مُسْتَهْزُ وْنَ] بزائدہ، جیسے [لِاُوْلٰهُمْ] وغیرہ، اس میں تحقیق، تسہیل یاء سے ابدال ہے، اور حذف نہیں ہے۔

ضمہ کے بعد فتحہ والے میں واو سے ابدال، جیسے [یُـؤَیِّـدُ] وغیرہ اور ضمہ کے بعد کسرہ والے میں تسہیل اور واو سے ابدال ہے، جیسے [سُئِلُوْا] اور ضمہ کے بعد ضمہ والے میں صرف تسہیل ہے، اور بے صورت ہو تو حذف بھی ہے، جیسے [بِرُءُ وْسِكُمْ]

کلمہ میں جتنے ہمزے آرہے ہوں، ان سب میں جو قاعدہ پایا جائے، اس کے مطابق تخفیف کی جائے گی، ہشام کیلئے صرف متطرفہ میں اور حمزہ کیلئے متطرفہ اور متوسطہ دونوں میں۔

باب الادغام الصغیر

اذ کی ذال: کا [تَجِدُ زَسَصَ] کے چھ حرفوں میں نافع، مکی، ابوجعفر، عاصم اور یعقوب کیلئے اظہار، ابوعمرو بصری، ہشام کیلئے تمام چھ حرفوں میں، خلاد، کسائی کیلئے جیم کے سوا باقی پانچ حرفوں میں، راوی خلف اور امام خلف العاشر کیلئے صرف دال وتاء میں اور ابن ذکوان کیلئے صرف دال میں ادغام ہے۔

قد کی دال: کا [جَذُ زَسَ شَصُ] کے آٹھ حرفوں میں قالون، مکی، عاصم، ابوجعفر اور یعقوب کیلئے اظہار، ابوعمرو بصری، حمزہ، کسائی اور خلف العاشر کیلئے آٹھوں میں ادغام، ہشام کیلئے بھی آٹھوں میں ادغام ہے، لیکن [لَقَدْ ظَلَمَكَ] [ص] میں اظہار ہے، اور ابن ذکوان کیلئے ذال، زاء، ضاد، ظاء میں ادغام اور باقی چار سے پہلے اظہار ہے، اور ورش کیلئے ضاد، ظاء میں ادغام اور باقی چھ حروف سے پہلے اظہار ہے۔

تانیث کی تاء ساکنه: کا [ثَجُ زَسُ صَظُ] کے قالون، مکی، عاصم، ابوجعفر اور یعقوب کیلئے چھ حرفوں سے پہلے ہر جگہ اظہار ہے، اور ورش کیلئے صرف ظاء میں ادغام اور باقی پانچ سے پہلے اظہار ہے، اور امام خلف العاشر کیلئے ثا کے سوا باقی پانچ میں ادغام ہے، اور ہشام کیلئے ثاء، ظاء میں ادغام

اورسین،جیم اورزاء سے پہلے اظہاراورصاد کے دونوں موقعوں میں سے[حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ]میں ادغام ہے،اور[لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ]میں اظہار ہے ۔اورابن ذکوان کیلئے ثاء،صاداورظامیں ادغام ہے،البتہ[وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا]میں ابن ذکوان کیلئے صرف اظہار ہے،ناظم نے اس میں جوخُلف بتایا ہے،جس سے اظہاروادغام دونوں سمجھے جاتے ہیں،یہ نہ تیسیر کے طرق سے صحیح ہے اورنہ نشر کے طرق سے،پس اس کواظہار ہی سے پڑھنا چاہیئے۔

ھل کالام: اس کے تین حروف ہیں،جن کا مجموعہ [تَثَنُ] ہیں

بل کالام: اس کے سات حروف ہیں جو[سَتَظُنُّ زَضَطَ]میں جمع ہیں،[هَلْ] اور[بَلْ] کے لاموں کاان کے تمام آٹھ حرفوں میں کسائی کیلئے ہر جگہ ادغام ہے،اورحمزہ کیلئے[هَلْ] کے لام کا تاء،ثاء میں اور[بَلْ] کے لام کا تاء،سین میں ادغام اور باقی پانچ سے پہلے اظہار ہے،لیکن [بَلْ طَّبَعَ اللّٰهُ][نساء]میں خلف اورخلاد دونوں کیلئے اظہاراورادغام دونوں ہیں،اورابوعمرو بصری کیلئے صرف[هَلْ تَرٰى،فَهَلْ تَرٰى][ملک،حاقہ:۳،۸]میں ادغام اور باقی سب جگہ آٹھوں حرفوں سے پہلے دونوں لاموں کا اظہار ہے،اور ہشام کیلئے ضاد،نون سے پہلے دونوں لاموں کا اظہار اور[هَلْ] کے لام کا تاء،ثاء میں اور[بَلْ] کے لام کا تاء،زاء،سین،طاءاورظا کے پانچ حرفوں میں ادغام ہے،لیکن [هَلْ تَسْتَوِىْ][رعد]میں اظہار ہے،ان کے سوا ہر جگہ ادغام ہے،باقی نافع،مکی،ابن ذکوان،عاصم،ابوجعفر،یعقوب اورخلف العاشر کیلئے آٹھوں حرفوں سے پہلے دونوں لاموں کا اظہار ہے۔

جزم والی با :فاء سے پہلے جو پانچ جگہ پر باءمجزومہ آئی ہوئی ہے،یعنی[يَغْلِبْ فَسَوْفَ][نساء:۷۴][وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ][رعد:۵][قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ][اسراء:۶۳][قَالَ اذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِى الْحَيٰوةِ][طہٰ:۹۷][وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ][حجرات:۱۱]ان سب میں ابوعمرو بصری،کسائی کیلئے باءساکنہ کا فاء میں ادغام ہے،اورخلاد کیلئے پہلے چار میں صرف ادغام اورحجرات والے میں خُلف یعنی اظہاراورادغام دونوں ہیں،اور باقیین کیلئے پانچوں جگہ صرف اظہار ہے۔

اوراگر باءمجزومہ کے بعد میم ہواور یہ دوموقعوں میں ہے،[۱][اِرْكَبْ مَعَنَا]میں مکی،ابوعمرو بصری،یعقوب،عاصم اورکسائی کیلئے ادغام اورنافع،شامی،راوی خلف اورامام خلف العاشر کیلئے اظہاراورقالون،بزی اورخلاد کیلئے ادغام واظہار دونوں وجوہ ہیں۔[۲][يُعَذِّبْ مَنْ]ورش،مکی کیلئے اظہاراورقالون،ابوعمرو بصری،حمزہ،کسائی اورخلف العاشر کیلئے ادغام ہے،اورشامی،عاصم،ابوجعفراوریعقوب کیلئے جزم کے بجائے رفع سے پڑھتے ہیں،اس لئے ان کی قراءۃ میں یہ موقع ادغام صغیر کے باب ہی سے نہیں ہے۔

ثاء ساکنہ :[اُوْرِثْتُمُوْهَا][اعراف،زخرف:۴۳،۷۲]میں ابوعمرو بصری،ہشام،حمزہ،کسائی کیلئے ثاء کا تاء میں ادغام اور باقیین کیلئے اظہار ہے۔اور[لَبِثْتَ،لَبِثْتُ،لَبِثْتُمْ]مفرد ہو یا جمع ہونافع،مکی،عاصم،یعقوب اورخلف العاشر کیلئے ثاء کا تاء میں اظہار ہے اور باقیین کیلئے ادغام[لَبِثْتَّ،لَبِثْتُّ،لَبِثْتُّمْ]ہے۔اور(يَلْهَثْ ذٰلِكَ)[اعراف]میں ورش،مکی،ہشام اورابوجعفر کیلئے ثاء کا ذال میں اظہار،اورقالون کیلئے اظہاراورادغام دونوں وجوہ،اور باقیین کیلئے صرف ادغام ہے۔

دال ساکنہ : ابوعمرو بصری،شامی،حمزہ،کسائی اورخلف العاشر کیلئے[كٓهٰيٰعٓصٓ ذِكْرُ]میں صاد کی دال کا ذال اور[يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا]،[يُرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ]میں دال کا ثاء میں ادغام ہے،یعنی[كٓهٰيٰعٓصٓ ذِّكْرُ]،[يُرِدْثَّوَابَ الدُّنْيَا]،[يُرِدْثَّوَابَ الْاٰخِرَةِ]،اور باقیین کیلئے اظہار[كٓهٰيٰعٓصٓ ذِكْرُ]،[يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا]،[يُرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ]ہے۔

جزم والی ذال : (فَنَبَذْتُهَا)میں ابوعمرو بصری،حمزہ،کسائی اورخلف العاشر کیلئے ادغام،اور باقیین کیلئے اظہار ہے۔اور باب (اَخَذْتُ)کے وہ تمام کلمات جن میں ذال ساکنہ کے بعد تاء ہو،سب میں مکی،حفص اوررویس کیلئے اظہاراور باقیین کیلئے ادغام ہے۔ اور(عُذْتُ بِرَبِّىْ)[غافراوردخان]کوابوعمرو بصری،حمزہ،کسائی،ابوجعفراورخلف العاشر کیلئے ادغام اور باقیین کیلئے اظہار ہے۔

راء مجزومہ: جس کے بعد لام ہو،جیسے[وَاغْفِرْ لَنَا]،[اَنِ اشْكُرْ لِىْ]،[وَاصْبِرْ لِحُكْمِ]،[يَنْشُرْ لَكُمْ]اس میں نافع،ابوجعفر،مکی،شامی،کوفیین اور یعقوب کیلئے صرف اظہار،اورسوسی کیلئے صرف ادغام اوردوری کیلئے اظہاراورادغام دونوں وجوہ ہیں۔

نون ساکنہ : شعراءاورقصص والے(طٰسٓمٓ)میں حمزہ اورابوجعفر کیلئے سین کے نون کا میم میں اظہار ہے،یعنی نہ تو نون کا میم میں

ادغام ہے، اور نہ غنہ ہے، البتہ ابوجعفر اپنے قاعدہ کے موافق تینوں حرفوں پر سکتہ بھی کرتے ہیں، اور باقیین کیلئے نون کا میم میں ادغام مع الغنہ ہے۔
اور (یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ) میں ورش، شامی، شعبہ، کسائی، خلف العاشر اور یعقوب کیلئے ادغام اور باقیین کیلئے اظہار ہے۔ اور (نٓ وَالْقَلَمِ) میں قالون، مکی، ابوعمرو بصری، حفص، حمزہ اور ابوجعفر کیلئے نون ساکنہ کا اظہار ہے اور ورش کیلئے اظہار اور ادغام دونوں ہیں، اور باقیین کیلئے ادغام مع الغنہ ہے۔
[یَفْعَلْ ذٰلِکَ] میں صرف ابوالحارث کیلئے ادغام اور باقیین کیلئے اظہار ہے اور [نَخْسِفْ بِھِمُ الْاَرْضَ][سبا] میں صرف کسائی کیلئے فاء کا باء میں ادغام اور باقیین کیلئے اظہار ہے

باب النون الساکنۃ والتنوین

نون ساکن وتنوین کا واو اور یاء میں صرف راوی خلف کیلئے ادغام بلا غنہ اور باقی قراء عشرہ کیلئے ادغام مع الغنہ ہے۔
ابوجعفر کیلئے ہر جگہ نون ساکنہ اور تنوین کے بعد حروف حلقی کے چھ حرفوں میں سے خاء اور غین آنے کی صورت میں اخفاء ہوگا، جیسے [ھَلْ مِنْ خَالِقٍ، یَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ، مِنْ غَیْرِ کُمْ، قَوْلًا غَیْرَ الَّذِیْ] اور باقی چار حروف حلقی میں اظہار ہے، لیکن اس اخفاء سے تین الفاظ [فَسَیُنْغِضُوْنَ اِلَیْکَ][اسراء:۵۱] [اِنْ یَّکُنْ غَنِیًّا][نساء:۱۳۵] [اَلْمُنْخَنِقَةُ][مائدہ:۳] مستثنیٰ ہیں، یعنی ان میں ابوجعفر بھی اظہار ہی کرتے ہیں۔

باب الفتح والامالہ

اس عنوان کی گیارہ صورتیں ہیں:
امام حمزہؒ، کسائیؒ، خلف العاشرؒ اور دوری کسائیؒ کے امالہ کا قاعدہ: ذیل کے گیارہ قسموں میں حمزہ، کسائی اور خلف العاشر کیلئے امالہ ہے:۔
[۱] ان تمام آخری الفات میں جو یاء سے بدلے ہوئے ہوں، جیسے [سَعٰی، رَمٰی] ان میں وقفاً و وصلاً اور [مُسَمًّی، الْاَقْصَا الَّذِیْ] جیسے کلمات جن میں امالہ والے الف کے بعد سکون ہو اور اس کی وجہ سے وہ الف حذف ہو گیا ہو، ان میں صرف وقفاً امالہ ہوگا۔
[۲] [فَعْلٰی، فِعْلٰی، فُعْلٰی] کے وزن والے کلمات، جیسے [دَعْوٰی، الدُّنْیَا، سِیْمَا]
[۳] [فَعَالٰی، فُعَالٰی] کے وزن والے کلمات، جیسے [کُسَالٰی، نَصٰرٰی]
